سوال نمبر:13468

منجانب: نعیمہ کشور خان صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ

سیریل نمبر	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختون خواہ سینیر سیٹزن ایکٹ 2014 کے تحت سینیر سیٹزن کو مختلف سہولیات کیلئے خصوصی کارڈ کے اجراء میں حکومت ناکام ہوئی ہے؟	جی نہیں یہ درست نہیں ہے حکومت خیبر پختون خواہ نے بزرگ شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے سینیئر سیٹزن ایکٹ 2014 پاس کیا ہے اور ایکٹ کے مطابق محکمہ ھذا نے ایک صوبائی کونسل تشکیل دی ہے جو کہ بزرگ شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے سرگرم عمل ہے۔ بزرگ شہریوں کی فلاح و بہبود کیلئے اب تک اہم فیصلے کئے گئے ہیں۔ اجلاس میں بزرگ شہریوں کے لیے تمام بڑے ہسپتالوں میں ایکٹ کے مطابق الگ کاؤنٹر کا قیام، سرکاری ٹرانسپوٹ میں 50% رعایت، میوزیم، لائبریریوں میں فری انٹری وغیرہ شامل ہے۔ جہاں تک کارڈ کی اجراء کا تعلق ہے تو محکمہ ھذا محدود وسائل کے اندر اس کے اجراء کے لئے کوشش کر رہی ہے محکمہ خزانہ نے اسکے لیے صرف ایک کروڑ کا بجٹ مختص کیا ہے جبکہ محکمہ کے پاس اب تک 6 لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہو چکی ہیں اور اس پر کام جاری ہے عنقریب تمام سینئر سیٹیزن کو کارڈز جاری کیے جائینگے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ایکٹ کے تحت سینیر سیٹزن کو سہولیات کیلئے خصوصی کارڈ کے اجراء میں ناکامی کی وجوہات کیا ہے؟ نیز حکومت مذکورہ بالا ایکٹ کے تحت سینئر سیٹیزن کو کارڈ کے اجراء کیلئے کیا اقدامات کر رہی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔	بزرگ افراد کو سینئر سیٹیزن کارڈز جاری کرنے کے لیے صوبائی حکومت نے MIS سسٹم شروع کیا ہے اس سسٹم میں تمام بزرگ افراد کی رجسٹریشن کا عمل جاری ہے۔ یہ عمل مکمل ہونے کے بعد بزرگ افراد کو کم لاگت پر سینیئر سیٹیزن کارڈ جاری کرنا ممکن ہو سکے گا۔

Scanned with CamScanner